© rasailojaraid.com

خاندانی نظام اور عدلِ اجتماعی جیسے روزمرہ زندگی کے امور پیش کیے ہیں جن میں مسلم۔ مسیحی تعاون ممکن ہے۔

کتاب میں ویٹیکن کی مطبوعات کی روشنی میں اس امید کے ساتھ گفتگو کی گئی ہے (گو کھل کر اس بات کا اظہار مناسب نہیں سمجھا گیا) کہ قاری مشن اور بین المذاہب مکالمے کے بارے میں رومن کیتھولک چرچ کی پوزیشن کو بہتر طور پر سمجھ سکے گا۔ کتاب فی الواقع بین المذاہب مکالمے کے موضوع پر موجود لٹریچر میں ایک اہم اضافہ ہے۔ اگرچہ یہ بنیادی طور پر مسیحی قارئین کے لیے لکھی گئی ہے تاہم موضوع کی سنجیدگی اور زیرِ بحث امور کی اہمیت کے پیش نظر یہ مسلمان قارئین کے لیے بھی اتنی ہی قابلِ قدر ہے جتنی مسیحی قارئین کے لیے ہو سکتی ہے۔ [مبصّر: عطاء اللہ صدیقی، بہ شکریہ مسلم ورلڈ بک ریویو (لیسٹر)]

---

## ماہنامہ محقّق (لاہور)

ناشر : ادارہ اشاعت القرآن، ۲۹۴ - توسیع کیولری گراؤنڈ - لاہور کینٹ

صفحات : ۴۸

سالانہ زرِ تعاون : ایک سو روپے

ماہنامہ محقق، لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) ڈاکٹر محمد ایوب خان کی ادارت میں گزشتہ دو سال چار ماہ سے شائع ہو رہا ہے۔ ماہنامہ کے ٹائٹل پر لکھے گئے دو جملوں سے اس کے مقاصد کی وضاحت ہوتی ہے یعنی یہ "حقیقت کا ترجمان" ہے اور "قرآن حکیم کی روشنی میں حالات کا تجزیہ اور تجاویز" پیش کرتا ہے۔ ابتداء میں ماہنامہ "محقّق" ملک کے رسائل و جرائد میں مطبوعہ مضامین کا ایک انتخاب پیش کرتا تھا۔ بعد میں اس میں قرآن مجید کے ترجمہ اور تشریح کا اضافہ کیا گیا اور زیر نظر شمارے سے ارادہ کیا گیا ہے کہ آئندہ اس میں نادر و نایاب کتابوں کا خلاصہ بھی دیا جائے گا۔

زیر نظر شمارے میں سورۃ البقرہ کی آیات ۹۷-۱۰۳ کا ترجمہ اور تشریح شامل ہے۔ اس کے بعد متنوّع نوعیت کی چند مختصر تحریریں ہیں اور ۲۹ صفحات پر پھیلا ہوا علامہ المشرقی کا ایک مضمون "دین قیّم" ہے۔ مدیر جناب ڈاکٹر محمد ایوب خان خود سپاہی پیشہ رہے ہیں، اور اُنہیں علامہ المشرقی کی عسکریت میں بڑی جاذبیت دکھائی دیتی ہے اور وہ علامہ المشرقی کے افکار و آراء کی وکالت کرتے نظر آتے ہیں۔

ماہنامہ "محقق" منجملہ دوسرے مباحث کے گاہے گاہے عالمِ اسلام میں مسیحی سرگرمیوں، مسیح اقلیت کے مسائل اور مسلم۔ مسیحی تعلقات پر خبریں اور تبصرے بھی شائع کرتا رہتا ہے۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com